© rasailojaraid.com



چنانچہ نماز جمعہ کی عظیم اجتماع کے بعد مولانا حامد الحق حقانی کی تحریک اور تجویز پر اسلامی حمیت اور دینی غیرت کے اظہار کیلئے احتجاجی مظاہرہ کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا ۔ چنانچہ بعد از نماز عصر طے شدہ پروگرام کے مطابق رنج والم میں ڈوبے ہوئے عوام کا ایک سیلاب امڈ آیا۔ اور جی ٹی روڈ بلاک کرکے یہ عظیم جلوس حضرت مولانا انوار الحق صاحب اور حضرت مولانا مفتی سیف اللہ صاحب اور دیگر اساتذہ کرام کی قیادت میں مختلف بازاروں سے ہوتا ہوا شہر کے درمیانی چوک پہنچا ۔ وہاں پر تقریریں ہوئیں اس کے بعد ٹاؤن کمیٹی کے پاس جلوس اختتام کو پہنچا ۔ وہاں پر مولانا انوار الحق ، مولانا حامد الحق حقانی ، حافظ فاروق احمد ، مولانا سید یوسف شاہ اور مولانا قاری امجد علی شاہ المدنی اور بعض افغان زعماء نے خطاب کیا۔ مقررین نے امریکی دہشت گردی کو تمام عالم اسلام پر حملہ قرار دیا اور اس نے عزم کا اظہار کیا گیا کہ انشاء اللہ اسلام کی سربلندی اور اسامہ بن لادن کی حفاظت کیلئے ہم کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے ۔

دعائے صحت کی اپیل :- ملک کے نامور اور ممتاز سیرت نگار ، ادیب ، شاعر ، دانشور ، محقق ، مؤرخ اور درجنوں کتابوں کے مصنف ، ماہنامہ "الحق" کے مقالہ نگار پروفیسر محمد افضل رضا صاحب گذشتہ ماہ سے دل کے عارضہ میں مبتلا ہیں اور تاہنوز پشاور ہسپتال میں زیر علاج ہیں ۔ جناب پروفیسر صاحب شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ کے انتہائی خصوصی معتقدین میں سے ہیں اور دارالعلوم اور حضرت مہتمم صاحب کے ساتھ ان کی والہانہ عقیدت و محبت ہے ۔ پروفیسر صاحب ہمارے ملک کا ایک عظیم علمی سرمایہ ہیں ۔ دارالعلوم اور ماہنامہ "الحق" قارئین سے ان کی صحت یابی کیلئے دعاؤں کی درخواست کر رہا ہے ۔


دروس الکافیہ

پشتو شرح کافیہ ابن حاجب رح

افادات :-

مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی مدرس دارالعلوم حقانیہ

ناشر :- مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ


© rasailojaraid.com